لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء	نمبر ۲

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

رپورٹ بخشی فوج معتمدہ صاحب فنانشل سکریٹری بہادر سے واضح ہوا کہ [illegible] سنہ ۱۹۲۰ء کو احکام جاری ہو چکے ہیں کہ برآوردہ ماہ رواں و قبض الوصول ماہ گذشتہ ہر مہینے کی ۲۰ تاریخ تک بخشیگری میں پہنچ جایا کریں۔ برآورد میں ۱۵ تاریخ تک کے احکام کا عملدرآمد کیا جاوے۔ اسکے بعد کے احکام کا برآوردہ ماہ آیندہ میں عمل ہو لیکن بیشتر محکمہ جات برآوردات و قبض الوصول ۲۰ تاریخ تک نہیں بھیجا کرتے اور پھر اسکا تقاضا ہو کہ جلد تنخواہ مل جاوے۔ دو روز میں جانچ سے غلطی ہو جائیگی

فہرست مضامین

قوی اندیشہ ہے کہ اگر صیغہ جات نے اس پر عمل کیا تو فنڈ اور نا بخشیدگی بھی آیندہ مجبور ہوگا کہ وہ قابل اطمینان چارج کو ختم کئے بغیر بل پاس کرکے ندے۔ لہذا بموجب رپورٹ احکام جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۲ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری اضافہ مبلغ پانچروپیہ ماہوار بابو لاڈلے بہاری لال ٹیچر ہائی اسکول بموجب گریڈ منظور شدہ از ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

حسب صراحت رپورٹ۔ لاڈلے بہاری لال ٹیچر ہائی اسکول کی تنخواہ موجودہ میں بموجب گریڈ منظور شدہ ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء سے مبلغ پانچروپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت چند ماہ وشیر خیری انسپکٹر فیلخانہ بوضع تنخواہ از ۱۵ر جنوری سنہ ۱۹۲۷ء بغرض جانے وطن بوجہ ضروریات نجی۔

حکم

بموجب رپورٹ رخصت چند ماہ وشیر خیری انسپکٹر فیلخانہ بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۵ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات در بارہ اضافہ دو روپیہ ماہوار سے امجد علی نائب انسپکٹر ٹیلیفون مشاہرہ دار اٹھائیس روپیہ۔

حکم

امجد علی نائب انسپکٹر ٹیلیفون مشاہرہ دار اٹھائیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں دو روپیہ اضافہ بموجب رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

الاؤنس

۲ر جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر در بارہ صدور حکم منظوری تقرر پچیس روپیہ ماہوار الاؤنس صاحبزادہ سید اخلاق حسین خان بہادر میونسپل افسر بغرض داشت اسپ سواری۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ صاحبزادہ سید اخلاق حسین خان بہادر میونسپل افسر کا پچیس روپیہ ماہوار ہارس الاؤنس مقرر کیا جانا منظور ہے۔ یہ الاؤنس جزو تنخواہ نہوگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تنزلی

یکم جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس در بارہ شکایت سید فراست حسین ہیڈ کانسٹبل متعینہ تھانہ بلاسپور مشاہرہ دار بیس روپیہ بابت خراب کردینے مقدمہ قتل سے جنا اہیر ملازم کیتہ سرکاری بسبب کرادینے دفن نعش نامبردہ بعد ترتیب پنچایت نامہ بلا معائنہ و نہ کرنے پوری تحقیق و تجویز تنزلی ایک درجہ پانچروپیہ ماہوار ہیڈ کانسٹبل مذکور بقصور مندرجہ

حکم ہوا کہ

یہ کاغذات پیش ہوئے۔ نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر ملاحظہ ہوا۔ حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس سید فراست حسین ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کا ایک درجہ پانچروپیہ ماہوار بقصور مندرجہ مستقل تنزل کیا جائے۔ آیندہ نامبردہ پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ پائے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس

مرسل ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۴ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت رعایتی بیش یوم ڈاکٹر کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ ملک از ۸ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب۔ ڈاکٹر محمد کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ ملک کی رخصت رعایتی بیش یوم ۸ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۴ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

چونکہ مدرسہ تمرٹیا مین لڑکے فراہم نہین ہوتے اور چند مرتبہ تاکید کی گئی۔ مگر باشندگان کو توجہ نہین ہوئی۔ لہذا مدرسہ تمرٹیا پرگنہ حضور تحصیل بالفعل بند کیا گیا۔ اور احمد اللہ خان مدرس تخفیفاً برخاست کیا گیا اس حکم کا عملدرآمد یکم جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے ہوگا۔ بنابران

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نجیب اللہ نائب مدرس ساگرپور تحصیل شاہ آباد کی ملازمت غیر مستقل مین ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے دو ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نامنظوری رخصت و مسدودی تنخواہ تا امتحان

۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

محمد شفیق مدرس چہارم مدرسہ مڈل کو ایک سال مین چند مرتبہ ترقی دی گئی اور باعتبار اسناد و امتحانات ناہموار لائق کار سمجھا گیا۔ چند ماسٹران اسکی لیاقت کے معترف رہے ہین لیکن اب جو شکایت اسکی ہیڈ ماسٹر کو ہے اور بوقت معائنہ انسپکٹر صاحب مدارس جو طرز عمل اس نے اختیار کیا وہ نظرانداز نہین کیا جا سکتا۔ مدرسہ کا وقت سرکاری کام کیلئے ہے اپنی تعلیم کیلئے نہین ہے اس کا یہ عمل کہ زیادہ وقت اپنی ذاتی تعلیم کی کتب بینی مین صرف کرتا ہے قابل تدارک ہے۔ اس سے قبل بھی اس کو ہدایت کی جا چکی ہے۔ مگر اس نے کام کی طرف توجہ نہین کی اسکی درخواست رخصت ایسے وقت مین کہ انسپکٹر صاحب معائنہ کر رہے تھے کسی طرح قابل منظوری نہین ہے۔ لہذا درخواست رخصت نامنظور کی جاتی ہے۔ ۲۰ لغایت ۲۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء کی غیر حاضری اسکی تنخواہ سے وضع کیجائے اور تا امتحان سالانہ اسکی تنخواہ مسدود کی جائے امتحان سالانہ پر اسکے کام کا نتیجہ دیکھکر حکم مناسب صادر کیا جائیگا۔ دیگر مدرسین کو بذریعہ روبکار اپنا کام درست کرینگی اس سے قبل ہدایت کیجا چکی ہے لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اوسکے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف .... ۱۲؍ ہے

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اُسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک صرف .... ۱۲؍ ہی

العدل ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہی جسمین حق تعالے کی حکمت و عدالت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک .... ۱۲؍ ہی

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ... ۶؍

جس قدر نسخے مطلوب ہون منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسنین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور از ابتدا ۲۳ فروری لغایت اخیر فروری ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ار	۱۰۶ ار	۱۲ ار	۷ ار		۷ ار	
نخود خاکستری	۱۰۶ ار	۷ ار	۸ ار	۱۰۷ ار		۷ ار	
نخود کتہ آمیز	۱۲ ار	۰	۵ ار	۱۰۸ ار		۱۰۷ ار	
مکٹ	۹۰ ار	۰	۸۰ ار	۱۰۵ ار		۸ ار	
ماش	۶ ار	۷ ار	۶ ار	۱۰۶ ار		۱۰۶ ار	
مونگ	۵ ار	۱۰۶ ار	۱۰۵ ار	۰	۰	۹ ار	
بنگا	۸۰ ار	۰	۹ ار	۱۰۵ ار	ـ	۱۰ ار	
جئی	۱۰ ار	۰	۰	۰		۱۱ ار	
کوچی	۹۰ ار	۰	۰	۰		۸ ار	
عدس	۶ ار		۰	۰		۹ ار	
ارہر	۱۰۵ ار	۰	۰	ـ		۹ ار	
برنج	۱۰۵ ار	۶ ار	۱۰۵ ار	۷ ار		۶ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار		۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱۰۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار		۱۲ ار	
روغن کنجد	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۰	۱۱ ار	
نمک سانبھر	۱۱۲ ار	۱۱ ار	۱۱۲ ار	۱۱ ار		۱۱۲ ار	
نمک لاہوری	۱۹ ار	۸ ار	۱۶ ار	۰		۸ ار	
قند سیاہ	۶ ار	۵ ار	۶ ار	۱۰۷ ار		۶ ار	
باجرہ	۱۰۷ ار	۹ ار	۹ ار	۸ ار		۸ ار	

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری نومبر سنہ ۱۹۲۶ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							از خانہ نمبر ۱۹ تا خانہ نمبر ۲۵	
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	تنفس	مار گزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹے سے	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۹	۱۱	۱۴	۷	۶۱	۴۳	۱۸	۱۳	۹	۰	۲	۲۳	۲۲	۳۷	۳۳	۵۳	۱۷	۰	۷	۰	۶۳	۰	۰	۰	۷۰	
گنج	۱۷	۲	۱۲	۳	۳۴	۳۹	۵	۸	۳	۰	۰	۲۱	۱۴	۲۹	۱۷	۳۹	۷	۰	۰	۰	۴۶	۰	۰	۰	۴۶	
حالی شہر	۸	۵	۵	۴	۱۸	۹	۹	۴	۳	۲	۰	۱۰	۴	۱۶	۷	۱۲	۱۱	۰	۰	۰	۴۳	۰	۰	۰	۲۳	
عظیم نگر	۱۵	۶	۱۵	۱۷	۵۳	۳۰	۲۳	۱۰	۱۲	۲	۲	۲۲	۱۳	۴۳	۲۷	۳۵	۲۶	۰	۲	۰	۵۹	۰	۰	۰	۶۱	
شاہ آباد	۸	۴۷	۹	۳۸	۱۰۲	۱۷	۸۵	۳	۱۳	۱۱	۱۳	۳۰	۲۲	۳۳	۳۸	۲۶	۴۶	۰	۰	۰	۷۲	۰	۰	۰	۷۲	
بہوائی	۷	۴۵	۸	۵۱	۱۱۱	۱۵	۹۶	۱۰	۶	۲	۰	۲۱	۱۱	۳۳	۱۷	۱۰	۴۰	۰	۰	۰	۵۰	۰	۰	۰	۵۰	
ملک	۷	۵۵	۶	۴۱	۱۰۹	۱۲	۹۷	۱۴	۱۴	۳	۲	۱۹	۲۶	۳۶	۴۲	۲۲	۵۶	۰	۰	۰	۷۷	۱	۰	۰	۷۸	
بلاسپور	۱۴	۱۱	۱۲	۸	۴۵	۲۶	۱۹	۳	۳	۱	۱	۲۰	۱۰	۲۴	۱۳	۲۴	۱۳	۰	۰	۰	۳۷	۰	۰	۰	۳۷	
کیمری	۵	۳	۱	۰	۹	۶	۳	۱	۱	۱	۰	۳	۲	۵	۴	۴	۵	۰	۰	۰	۵	۴	۰	۰	۹	
سوار	۲۱	۳۶	۴۶	۱۶	۱۱۹	۶۴	۵۵	۱۸	۱۲	۰	۱	۳۲	۳۰	۵۰	۴۳	۶۱	۳۲	۰	۷	۰	۸۶	۰	۰	۰	۹۳	
ٹانڈہ	۲۰	۲۷	۲۵	۲۹	۱۰۱	۴۵	۵۶	۱۴	۲۶	۳	۰	۲۱	۱۴	۳۸	۴۰	۴۴	۳۴	۰	۰	۰	۷۸	۰	۰	۰	۷۸	
میزان	۱۵۲	۲۳۶	۱۴۰	۲۱۴	۶۷۲	۲۹۶	۳۷۵	۹۹	۹۱	۲۵	۲۱	۲۱۴	۱۹۵	۳۳۲	۲۸۱	۳۲۰	۳۸۶	۰	۱۶	۰	۵۹۶	۵	۰	۰	۶۱۶	